# 03-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یقین دلایا کہ محبوب نگر جلد ہی صنعتوں، تعلیم اور روزگار کا مرکز بن جائے گا۔

۲۔ جی ایس ٹی کونسل کا 56واں اجلاس آج نئی دہلی میں شروع ہوا۔

۳۔ ریاستی وزیر محنت ویوک وینکٹا سوامی نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھائیں۔

اور

۴۔کویتا نے بی آر ایس پارٹی اور قانون ساز کونسل کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔

## RESIGN

کلواکنتلا کویتا نے آج بھارتیہ راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) اور اپنی قانون ساز کونسل کی رکنیت سے استعفیٰ دینے کا اعلان کیا۔تلنگانہ جاگرتی کے دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ انہوں نے اپنی عزتِ نفس کے تحفظ اور اپنی ایمانداری کو ثابت کرنے کے لیے یہ فیصلہ کیا ہے، کیونکہ بی آر ایس کے صدر چندر شیکھر راؤ نے انہیں پارٹی سے معطل کر دیا تھا۔کویتا نے الزام لگایا کہ پارٹی کے اندر دو گروہ ان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کر رہے تھے اور سینئر لیڈر و سابق وزیر ہریش راؤ اور سابق ایم پی سنتوش راؤ پر سازش کا الزام لگایا کہ وہ بی آر ایس پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔کویتا نے طنزیہ انداز میں ہریش راؤ کو 'ڈبل شوٹر، نہ کہ ٹربل شوٹر' قرار دیا اور ان کے گروپ اور سنتوش راؤ کے گروپ پر الزام لگایا کہ وہ بیک وقت بی جے پی اور کانگریس کے ساتھ ملے ہوئے ہیں۔

## WEATHER

محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست تلنگانہ کے منچریال، جیہ شنکر بھوپالا پلی، ملوگو اور بھدرادری کوتہ گوڈم اضلاع میں کہیں کہیں تیز بارش کا امکان ہے۔روزانہ کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگلے تین دنوں کے دوران ریاست کے مختلف حصوں میں ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ

بارش ہوسکتی ہے۔ جنوب مغربی مانسون کی صورتحال ریاست میں معمول پر ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران وقا آباد ضلع میں مختلف مقامات پر تیز بارش ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ ریاست کے کئی مقامات پر بارش ہوئی ہے۔

## CM - PALAMURU

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ضلع محبوب نگر کے ویمولہ میں ایس جی ڈی کارننگ ٹیکنالوجیز پرائیویٹ لمیٹڈ کے ایک نئے یونٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ پالمورو بہت جلد صنعتوں، تعلیم اور روزگار کا مرکز بنے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ محبوب نگر جو کبھی روزگار کے مواقع کی کمی کے باعث بڑے پیمانے پر نقل مکانی کے لیے جانا جاتا تھا، اب مقامی نوجوانوں کے لیے صنعتی ترقی اور ملازمتوں کا پلیٹ فارم بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ وہ اسی ضلع کے رہنے والے ہیں اس لیے تعلیم اور روزگار کے لیے درکار تمام بنیادی سہولتیں فراہم کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ ریونت ریڈی نے یاد دلایا کہ اگرچہ غیر منقسم ریاست میں پالمورو، رنگا ریڈی، جورالا اور نیٹم پاڑو جیسے کئی آبپاشی منصوبے شروع کیے گئے تھے لیکن کوئی بھی مکمل نہیں ہوا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ان کی حکومت تمام زیر التوا منصوبوں کو 'گرین چینل' کے ذریعے فنڈنگ فراہم کرکے مکمل کرے گی اور اوڑن پور پروجیکٹ میں اراضی کے حصول کے مسائل جلد حل کرکے کسانوں کو منصفانہ معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔

## GST MEETING

نئی دہلی میں آج جی ایس ٹی کونسل کا 56 واں اجلاس شروع ہوا۔ اس دوروزہ اجلاس کی صدارت مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن کررہی ہیں۔ اس اجلاس میں ملک کے آئندہ نسل کے جی ایس ٹی اصلاحات پر غور کیا جا رہا ہے، جن میں ٹیکس کی شرحوں کو متوازن بنانا اور تعمیل کے عمل کو آسان کرنا شامل ہے۔ اس اجلاس میں مرکزی وزیر مملکت برائے فینانس پنکج چودھری، دہلی، گوا، ہریانہ، جموں وکشمیر، میگھالیہ اور اڈیشہ کے وزرائے اعلیٰ شریک ہیں۔ اس کے علاوہ اروناچل پردیش، بہار، مدھیہ پردیش اور تلنگانہ کے نائب وزرائے اعلیٰ، منی

پورے گورنراورمختلف ریاستوں ومرکزی زیرانتظام علاقوں کے وزرائے خزانہ بھی شریک ہیں۔ یادرہے کہ گزشتہ ماہ یوم آزادی کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے خطاب میں کہا تھا کہ جی ایس ٹی سے پورے ملک کوفائدہ پہنچا ہے۔

## VRO

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس جمعہ کوحیدرآباد کے ہائی ٹیکس، مادھاپور میں منعقد ہونے والے ایک بڑے پروگرام کے دوران 5,000 نومنتخب ولیج ریونیوآفیسرز (VROs) کوتقررنامے تقسیم کریں گے۔ چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے بتایا کہ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرمارکا، ریونیو وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی اوردیگروزراءبھی موجودہوں گے۔ تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیےسینئر حکام کے ساتھ ایک ویڈیوکانفرنس میں چیف سکریٹری نے ہدایت دی کہ مختلف اضلاع سے آنے والے امیدواروں کے لیے خصوصی آرٹی سی بسوں کاانتظام کیاجائے۔اب تک 120 سے زائدبسیں مختص کی جاچکی ہیں اور ہدایت دی گئی ہے کہ وی آراوزپروگرام میں وقت سے پہلے پہنچ جائیں۔

## BANDI

مملکتی وزیر برائے داخلہ امور بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ کالیشورم آبپاشی پروجیکٹ میں ہونے والی بے قاعدگیاں دنیا کا سب سے بڑااسکام ہیں۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ چندرشیکھرراؤ کی دختر کویتا نے بھی یہ بات تسلیم کی ہے کہ اس پروجیکٹ میں بدعنوانی ہوئی ہے۔ بنڈی سنجے نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی اس معاملے میں دوہراکھیل کھیل رہی ہے۔اگرچہ کانگریس حکومت نے اسمبلی میں کہا تھا کہ سی بی آئی انکوائری کرائی جائے گی اور یہ بات ہائی کورٹ میں بھی کہی گئی تھی،لیکن حکومت نے عدالت میں مناسب دلائل پیش نہیں کیے جس کے نتیجے میں بی آرایس کوراحت ملی۔انہوں نے مزید کہا کہ بی آرایس لیڈروں کی بدعنوانیوں کی تحقیقات میں جان بوجھ کرتاخیر کی جارہی ہت تاکہ ملزم بچ نکلیں۔ان کے مطابق برقی کی خریداری میں بے قاعدگیوں کی رپورٹس آنے کے باوجوداب تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔

KARIMNAGAR:

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ پارٹی کے سربراہ این رام چندر راؤ نے عوام کے لیے بے شمار خدمات انجام دی ہیں، قربانیاں دی ہیں اور جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رام چندر راؤ اس بات کی زندہ مثال ہیں کہ اگر کوئی محنت کرے تو عہدے اور کامیابیاں خود بخود ملتی ہیں۔ سنجے کمار کریم نگر پارلیمانی حلقہ کے پولنگ بوتھ صدور اور سیکریٹریز کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے جو کریم نگر شہر میں منعقد ہوا۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ جب بھی تلنگانہ میں انتخابات ہوں گے، بی جے پی ضرور رام چندر راؤ کی قیادت میں اقتدار میں آئے گی۔ نئے پارٹی سربراہ کا یونین منسٹر اور کارکنان نے پرتپاک خیر مقدم کیا۔

CYBER:

تلنگانہ سائبر سکیورٹی بیورو (TGCSB) اور انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، حیدرآباد (H-IIIT) نے مشترکہ طور پر ''ویوہا لیابز'' (Vyuha Labs) کے قیام پر اتفاق کیا ہے جو ایک جدید سائبر انوویشن ہب ہوگا۔ یہ مرکز باضابطہ طور پر آئی آئی ٹی ایچ کے کیمپس، گچی باؤلی میں افتتاح کیا گیا اور یہ ''سائبر منتھن'' ونگ کے تحت اپنی سرگرمیاں انجام دے گا، جس کی اہم پہل ''ویوہا'' ہوگی۔ اس موقع پر تلنگانہ کے ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر نے کہا کہ سائبر کرائم آج تیزی سے بڑھتا ہوا خطرہ ہے اور اس سے نمٹنے کے لیے اجتماعی جدت، تعاون اور مستقبل پر نظر رکھنے والے حل ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ویوہا لیابز جیسی پہل تلنگانہ کی ڈیجیٹل سکیورٹی کو مضبوط بنائے گی اور قومی ماڈل ثابت ہوگی۔

AMIT SHAH:

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج نئی دہلی میں سی آر پی ایف، چھتیس گڑھ پولیس، ڈی آر جی اور کوبرا فورس کے ان عہدیداروں کو اعزاز سے نوازا جنہوں نے کامیابی کے ساتھ چھتیس گڑھ۔ تلنگانہ سرحد پر کرری گٹہ لو پہاڑی پر ''آپریشن بلیک فاریسٹ'' کو مکمل کیا۔ اس بڑے آپریشن میں سلامتی افواج نے 31 خطرناک نکسلائٹس کو ہلاک کیا۔ یہ آپریشن نکسلائٹس کے خلاف اپریل اور مئی کے دوران کرری گٹہ لو پہاڑیوں

پرانجام دیا گیا۔امیت شاہ نے کہا کہ اس آپریشن کے دوران جوانوں کی بہادری اور شجاعت تاریخ میں سنہری باب کے طور پر یاد رکھی جائے گی اور یہ انسداد نکسل ازم کی کارروائیوں میں ایک یادگار کامیابی ہے۔

VIVEK:

ریاستی وزیر محنت ویوک وینکٹ سوامی نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ وقارآباد ضلع کے دودیالہ منڈل میں ٹیکنالوجی سنٹر کے لیے بھومی پوجا کی تقریب کے دوران خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی مراکز قائم کررہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دودیالہ منڈل میں نیا قائم کیا جانے والا یہ مرکز نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے میں مدد دے گا۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ اپنی مہارت کو بہتر بنائیں تاکہ بہتر روزگار کے مواقع حاصل کرسکیں۔

CM - HOUSING

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ضلع بھدرادری کتہ گوڑم کے گاؤں بینڈ ولاپاڈو کے چندروگونڈو میں اندراماں ہاؤسنگ اسکیم کے تحت مستحقین میں مکانات تقسیم کیے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ اسکیم پورے ملک کے لیے ایک مثالی ہے۔ریاستی حکومت اس اسکیم کے تحت زمین رکھنے والے مستفیدین کو مکان کی تعمیر کے لیے پانچ لاکھ روپے مالی امداد فراہم کررہی ہے۔اب تک ریاستی حکومت نے چار لاکھ پچاس ہزار گھروں کی منظوری دی ہے جن میں سے دو لاکھ سے زیادہ مکانات کی تعمیر کا کام جاری ہے۔اس موقع پر وزیرامکنہ سرینواس ریڈی، ضلع انچارج وزیر سری ہری اور سینئر عہدیدار موجود تھے۔

NABARD:

نیشنل بینک فار ایگریکلچر اینڈ رورل ڈولپمنٹ (نابارڈ) کے چیئرمین شاجی کے وی نے آج اس عزم کا اعادہ کیا کہ بینک نچلی سطح کے اداروں کو بااختیار بنانے اور مشترکہ گورننس اصلاحات کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔تلنگانہ، ٹاملناڈو، کیرالہ، کرناٹک، مہاراشٹرا اور اتر پردیش کی کوآپریٹو سوسائٹیوں کو مضبوط کرنے کے لیے

منعقدہ علاقائی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختلف ایجنسیوں کی پہل کو مربوط کرنا اور کوآپریٹو بینکنگ روابط کو مزید مستحکم بنانا ضروری ہے۔ وزارت تعاون کے جوائنٹ سیکریٹری سدھارتھ جین نے اپنے افتتاحی خطاب میں کہا کہ کوآپریٹوز دیہی خوشحالی کو فروغ دینے، غذائی تحفظ کو بڑھانے اور جامع ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔